# NYCکے ٹیکس دہندگان کے حقوق کا بل

ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ کا دفتر

### باخبر ہونے کا حق
آپ کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ نیویارک سٹی کے ٹیکس کے قوانین کی تعمیل کیسے کرنی ہے۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات (Department of Finance) کے تمام ٹیکس فارمز، ہدایات، اشاعتوں، اطلاع ناموں اور خط و کتابت میں قوانین اور طریق ہائے کار کی تشریح واضح اور آسان ہو۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کے فیصلے کی تشریح واضع ہو اور وجوہات سے آپ کو آگاہ کیا جائے۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ NYCکے ٹیکس دہندگان کے حقوق کے اس بل کی نقل حاصل کریں۔

### معیاری خدمات کا حق
آپ کو حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کی جانب سے آپ کو ایک معقول وقت کے اندر شائستہ اور پیشہ وارانہ مدد موصول ہو۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ سے اس طرح بات کی جائے کہ آپ آسانی سے سمجھ سکیں۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کی جانب سے آپ کو واضح اور قابلِ فہم مواصلات موصول ہوں۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ خدمات کی ناقص فراہمی کے متعلق کسی نگران کو لکھیں اور/یا اس سے بات کریں۔

### یہ سمجھنے کا حق کہ آپ کے پراپرٹی ٹیکس کا تعین کیسے کیا جاتا ہے
آپ کو غیر تکنیکی زبان میں یہ سمجھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات نے آپ کے پراپرٹی ٹیکس کا حساب کیسے کیا تھا۔ آپ کو یہ سمجھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات مارکیٹ کی قیمت اور تخمینہ شدہ قیمت کا تعین کیسے کرتا ہے۔ آپ کو ٹیکس کی ان شرحوں اور بالائی حدود کو سمجھنے کا حق حاصل ہے جو شعبۂ مالیات نے آپ کے پراپرٹی ٹیکس کا تعین کرتے ہوئے استعمال کی تھیں۔ آپ کو یہ سمجھنے کا حق حاصل ہے کہ آپ کون سے ٹیکس استثنات اور/یا تخفیفات کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں اور ان کے لیے درخواست کیسے دینی ہے۔ آپ کو اس کے متعلق تحریری شکل میں ایک تشریح موصول کرنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات نے پراپرٹی ٹیکس کا استثناء یا تخفیف کیوں قبول کی، مسترد کی یا ہٹا دی۔

### ایک عادلانہ اور منصفانہ ٹیکس کے نظام کا حق
آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات ان حقائق اور حالات کو زیر غور لائے جو آپ کے ٹیکسز پر اثر انداز ہو سکتے ہوں۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو اپنے دعوے کی تائید میں معلومات فراہم کرنے کے لیے وقت دیا جائے۔ آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ جب آپ شعبۂ مالیات کو اپنی ادائیگی کی اہلیت کو زیر غور لانے کے لیے مدد کا کہیں تو وہ اس ضمن میں ٹیکس کے ایسے قوانین کو پوری طرح استعمال میں لائے جو اسے ایسا کرنے کی اجازت دیتے ہوں۔ آپ کو ٹیکس دہندگان کے ایڈووکیٹ سے معاونت حاصل کرنے کا حق حاصل ہے اگر شعبۂ مالیات نے، اپنے عمومی طریق ہائے کار کے ذریعے، ایک معقول وقت کے اندر آپ کا ٹیکس کا مسئلہ حل نہ کیا ہو یا اگر آپ سمجھتے/سمجھتی ہوں کہ شعبۂ مالیات ان میں سے کسی حق کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔

### نمائندہ استعمال کرنے کا حق
آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کے ساتھ اپنے معاملات میں مدد کے لیے کوئی نمائندہ استعمال کریں۔ اگر آپ کے نمائندے نے مختار نامہ جمع کروایا ہے تو شعبۂ مالیات کو اس شخص کو آپ کا نمائندہ تسلیم کرنا چاہیئے اور وہ آپ کی ٹیکس معلومات کا اس شخص کے ساتھ اشتراک کر سکتا ہے۔

### ٹیکس کی درست رقم سے زیادہ ادائیگی نہ کرنے کا حق
آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ صرف قانونی طور پر واجب الادا ٹیکس، بشمول سود اور جرمانے، ہی ادا کریں۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات ٹیکس کی ادائیگیاں درست طریقے سے لاگو کرے۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو ایک بل یا اسٹیٹمنٹ موصول ہو جس میں آپ کے واجب الادا ٹیکس کی رقم، بشمول سود اور جرمانے، درج ہوں۔

### حتمی چیزوں کے متعلق جاننے کا حق
آپ کو شعبۂ مالیات کے نقطہ نظر کو چیلنج کرنے کی حتمی تاریخ جاننے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو اس زیادہ سے زیادہ وقت کے متعلق جاننے کا حق حاصل ہے جو کسی مخصوص ٹیکس سال کے آڈٹ کے لیے یا غیر ادا شدہ ٹیکس کی وصولی کے لیے شعبۂ مالیات کو دستیاب ہوتا ہے۔ آپ کو اس زیادہ سے زیادہ وقت کے متعلق جاننے کا حق حاصل ہے جو ٹیکس کی بازادائیگی کی درخواست کرنے کے لیے آپ کو دستیاب ہوتا ہے۔ آپ کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات نے آڈٹ کب ختم کیا ہے۔ آپ کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات واجب الادا ٹیکس کب اور کیسے اکٹھا کر سکتا ہے۔ آپ کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کی کارروائی حتمی ہے۔

### اخفا کا حق
آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کی کوئی بھی انکوائری، جانچ یا نفاذی اقدام قانون کےدائرہ کار میں ہی ہو گا۔ آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کا کوئی ایسا اقدام اتنا ہی مخل ہو جتنا ضروری ہو۔ آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات اپنی کارروائی کے تمام واجب حقوق، بشمول تلاشی اور ضبطی سے تحفظ، کا احترام کرے گا۔

### راز داری کا حق
آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ آپ جو بھی معلومات شعبۂ مالیات کو فراہم کریں گے/گی، اس کا شعبۂ مالیات سے باہر کسی بھی شخص یا تنظیم کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جائے گا ماسوائے اس کے کہ آپ نے یا قانون نے اس کی منظوری دی ہو۔ آپ کو یا حق حاصل ہے کہ اگر آپ کی معلومات کا آپ کی منظوری کے بغیر اشتراک کیا جائے یا اس اشتراک کی قانون میں اجازت نہ تھی تو آپ کو اس سے مطلع کیا جائے۔ آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات ایسے ملازمین اور دیگر افراد کے خلاف کارروائی کرے گا جو بے جا طور پر آپ کی معلومات استعمال کرتے ہیں یا ان کا اشتراک کرتے ہیں۔

### شعبۂ مالیات کے نقطہ نظر کو چیلنج کرنے اور سنے جانے کا حق
آپ کو حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات کو چیلنج کریں اور اسے مزید دستاویزات فراہم کریں۔ آپ کو یہ توقع رکھنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات آپ کے چیلنج اور دستاویزات پر تیزی سے اور عادلانہ طریقے سے نظرثانی کرے گا۔ آپ کو اس کے متعلق تحریری شکل میں ایک تشریح موصول کرنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات آپ کے نقطہ نظر سے کیوں اتفاق نہیں کرتا۔ آپ کو اس کے متعلق تحریری شکل میں ایک تشریح موصول کرنے کا حق حاصل ہے کہ شعبۂ مالیات آپ کی دستاویزات کیوں قبول نہیں کرتا۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو بتایا جائے کہ شعبۂ مالیات کے فیصلے کے خلاف اپیل کیسے کرنی ہے یا مصالحت کانفرس (Conciliation Conference) کی درخواست کیسے کرنی ہے۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو اپنی اپیل یا اپنی مصالحت کانفرس کا تحریری جواب موصول ہو۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو بتایا جائے کہ ٹیکس کمیشن (Tax Commission)، ٹیکس اپیلز ٹریبونل (Tax Appeals Tribunal) اور نیویارک سپریم کورٹ میں کیس کیسے فائل کرنا ہے۔


### ہم سے رابطہ کریں

**THE OFFICE OF THE TAXPAYER ADVOCATE**
**375 PEARL STREET, 26th FLOOR**
**NEW YORK, NY 10038**

**nyc.gov/taxpayeradvocate**